# 70110 ـ اسلام قبول كرنا چاہتی ہے ليكن قبلہ كی جہت كا علم نہيں

**سوال**

ميں اسلام قبول كرنے كی رغبت ركھتی ہوں، ميرا اعتقاد ہے كہ اللہ ہی عظيم ہے، اور اسلام ہی دين حق ہے، ميں نے اتنی عربی سيكھ لی ہے جس سے نماز كی ادائيگی ہو سكتی ہے، ليكن مجھے نماز ادا كرنے كے ليے صحيح رخ كا علم نہيں، ميری گزارش ہے كہ آپ ميرے شہر ساوتھ ويلز ميں قبلہ كا رخ بتانے ميں ميری مدد كريں ؟

**پسنديده جواب**

الحمد للہ.

اول:

ہم آپ كو صحيح اعتقاد تك پہنچنے، اور دين حق كی معرف حاصل كرنے پر مباركباد ديتے ہيں، اور ہماری اللہ تعالی سے دعا ہے كہ وہ آپ كی مدد فرمائے اور آپ كو توفيق سے نوازے، اور آپ كے ايمان اور دنيا و آخرت ميں اطمنان و سعادت ميں اضافہ كرے.

آپ كو اس عظيم دين ميں داخل ہونے كے ليے حق كی گواہی دينی چاہيے، اور وہ گواہی كلمہ طيبہ لا الہ الا اللہ محمدا رسول اللہ ہے، يعنی اللہ تعالی كے علاوہ كوئی معبود برحق نہيں اور محمد صلی اللہ عليہ وسلم اللہ تعالی كے رسول ہيں، تا كہ آپ بھی اللہ تعالی كے ہاں كامياب و سعادت مند افراد ميں لكھی جائيں.

فرض كريں آپ كو قبلہ كے رخ كا علم نہيں بھی تو پھر بھی آپ دين حق قبول كرتے ہوئے مسلمان ہو جائيں، اور اس ميں ايك لحظہ اور سيكنڈ بھی تاخير مت كريں، اور بعد ميں آپ مكہ كی جہت كا پوچھ ليں، يہی قبلہ كا رخ ہے، ان شاء اللہ يہ كام تو بہت ہی آسان سا ہے، بلكہ اگر فرض كيا جائے كہ آپ كو قبلہ كا رخ نہيں بھی معلوم ہوتا تو آپ اسے معلوم كرنے كی جدوجھد كريں اور اپنے خيال اور ظن كے مطابق جہت متعين كر كے اس رخ كی طرف نماز ادا كر ليں، تو آپ كی نماز صحيح ہو گی اور آپ پر كچھ گناہ نہيں.

آپ اپنے قريب ترين اسلامك سينٹر ميں رابطہ كريں، وہ اسلامی تعليمات سيكھنے ميں آپ كی معاونت كرينگے، اور ان شاء اللہ آپ كو ضروری كتب وغيرہ بھی مہيا كرينگے.

دوم:

قبلہ رخ کی تحدید آپ کمپاس یا گھڑی یا کمپاس اور قطب نما آلہ استعمال کر سکتی ہیں، یا پھر نقشہ بھی استعمال ہو سکتا ہے.

دنیا کا نقشہ دیکھ معلوم ہوتا ہے کہ برطانیہ میں رہنے والوں کے لیے قبلہ کی جہت جنوب مشرقی سائڈ بنتی ہے، اس لیے آپ مشرق اور جنوب والی جہت کی تحدید کر لیں، تو ان دونوں کے مابین آپ کا قبلہ ہو گا، اور دور بسنے والےافراد کرے لیے تھوڑی سے غلطی معاف ہے.

واللہ اعلم .